Australian Government
Department of Home Affairs

ویزا کی درخواست کے اخراجات کے ریفنڈ اور چھوٹ

ویزا کی درخواستوں کے اخراجات کے ریفنڈ

اگر آپ نے کسی ایسی ویزا کی درخواست یا ویزا کی توسیع کے لیے فیس ادا کی ہے جو COVID-19 سے متعلقہ سفری پابندیوں سے متاثر ہوئی ہے تو، آپ اپنے ویزا کی درخواست کی فیس (VAC) کے ریفنڈ یا چھوٹ کے اہل ہو سکتے ہیں۔

آپ صرف تبھی VAC ریفنڈ کی درخواست کر سکتے ہیں اگر آپ وہی شخص ہیں جسے آپ کی اصل VAC رسید پر 'ادائیگی کنندہ' کے طور پر دکھایا گیا ہے۔

COVID-19 سفری پابندیاں VAC ریفنڈ کی درخواست کا فارم کا استعمال کر کے اپنی ریفنڈ کی درخواست کریں۔

VAC ریفنڈ کی دیگر شرائط کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں ریفنڈ حاصل کرنا ۔

آپ VEVO کا استعمال کر کے اپنے ویزا کی تفصیلات اور شرائط چیک کر سکتے ہیں۔

عارضی ہنر کی قلّت یا عارضی کام (ہنر مندانہ) کا ویزا (ذیلی کلاس 482 اور 457)

اگر آپ آسٹریلیا سے کہیں باہر ہیں اور آپ کے پاس مورخہ 1 فروری 2020 کو یا اس کے بعد ایک عارضی ہنر کی قلّت یا عارضی کام (ہنر مندانہ) کا ویزا ہے، جس کی میعاد تب سے ختم ہو چکی ہے تو، آپ عارضی ہنر کی قلّت کے ویزا (ذیلی کلاس 482) کی اگلی درخواست کے لیے VAC میں چھوٹ حاصل کرنے کے اہل ہوں گے، بشرطیکہ:

- آپ COVID-19 سفری پابندیوں کی وجہ سے اپنے ویزا کی میعاد ختم ہونے سے قبل آسٹریلیا میں داخل نہیں ہو پائے تھے یا
- آپ نے آسٹریلیا کا سفر اختیار کیا اور واپس روانہ بھی ہو گئے لیکن آپ COVID-19 سے متعلقہ سفری پابندیوں کی وجہ سے اپنے ویزا کی میعاد ختم ہونے سے قبل آسٹریلیا واپس نہیں آسکے تھے۔

درخواست دہندگان کے پاس ایک درست نامزدگی کا ہونا ضروری ہے۔ درخواستیں 31 دسمبر 2022 سے پہلے تک جمع کرا دی جانی چاہییں۔

ورکنگ ہالیڈے میکرز

ایسے ورکنگ ہالیڈے میکر (WHM) ویزا حاملین جو مورخہ 19 جنوری 2022 اور 19 اپریل 2022 کے درمیان آسٹریلیا پہنچے ہیں وہ VAC ریفنڈ کے اہل ہیں۔ مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں ریفنڈ حاصل کرنا۔

آپ ایک غیر ملکی صفر VAC (کوئی فیس نہیں) WHM ویزا کے لیے آن لائن درخواست دینے کے اہل ہو سکتے ہیں، یا VAC ریفنڈ کی درخواست کرسکتے ہیں بشرطیکہ:

- آپ کو 20 مارچ 2020 سے پہلے ایک COVID-19 متاثرہ WHM ویزا دیا گیا تھا
- آپ کے WHM ویزا کی میعاد مورخہ 20 مارچ 2020 اور 31 دسمبر 2021 کے درمیان اس وقت ختم ہو گئی تھی جب آپ آسٹریلیا سے باہر تھے اور
- آپ نے اپنے WHM ویزا پر آسٹریلیا کا سفر اختیار نہیں کیا، یا آپ اپنے WHM ویزا کی معیاد ختم ہونے سے پہلے ہی آسٹریلیا سے روانہ ہوگئے تھے۔

اہل ہونے کی صورت میں، آپ مورخہ 1 جولائی 2021 سے 31 دسمبر 2022 تک غیر ملکی صفر VAC WHM ویزا کے لیے آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں ورکنگ ہالیڈے میکر پروگرام - تازہ ترین خبریں ۔

اگر اب آپ ایک غیر ملکی صفر VAC WHM ویزا کی درخواست دینے کے لیے عمر کے تقاضوں کو پورا نہیں کرتے ہیں تو، آپ VAC ریفنڈ کی درخواست کرسکتے ہیں۔ ایسا کرنے کے لیے، COVID-19 سفری پابندیاں VAC ریفنڈ کی درخواست کا فارم استعمال کریں۔ اگر ہم آپ کی ریفنڈ کی درخواست کو مسترد کرتے ہیں تو کوئی جائزہ دستیاب نہیں ہے۔

غیر ملکی صفر VAC کی درخواستیں اور VAC ریفنڈ کی درخواستیں مورخہ 31 دسمبر 2022 تک جمع کرا دی جانی چاہییں۔

مورخہ 5 مارچ 2022 سے، آپ اپنے ملک سے صفر VAC WHM کی درخواست دے سکتے ہیں اگر آپ اس وقت آسٹریلیا میں ہیں اور آپ درخواست دینے کے اہل ہیں۔ اپنے ملک سے صفر VAC WHM ویزا کی اہلیت اور ویزا کی شرائط سے متعلق مزید معلومات تازہ ترین خبریں پر دستیاب ہیں۔ اُن WHMs کے لیے کوئی بھی VAC ریفنڈ دستیاب نہیں ہے جو اب عمر کے تقاضے پر پورا نہ اُترنے کی وجہ سے اپنے ملک سے صفر VAC ویزا کے لیے درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں۔

طلبا

ہم ویزا درخواست کی فیس معاف کردیں گے تاکہ اگر آپ کے پاس مورخہ 1 فروری 2020 کو یا اس کے بعد ایک اسٹوڈنٹ ویزا ہے اور اگر آپ COVID-19 کے اثرات کی وجہ سے اپنے اصل ویزا کی میعاد کے اندر اپنا کورس مکمل نہیں کرسکتے ہیں تو آپ ایک مزید اسٹوڈنٹ ویزا کی درخواست جمع کرا سکیں۔ جس میں مندرجہ ذیل صورتیں شامل ہیں:

- آپ نے اس وجہ سے اپنی تعلیم مؤخر کردی تھی کیونکہ کہ آپ سفری پابندیوں کے چلتے آسٹریلیا میں داخل ہونے سے قاصر تھے
- آپ پارٹ ٹائم اسٹڈی لوڈ تک محدود ہونے پر مجبور ہو گئے تھے
- آپ اپنی کام پر مبنی ٹریننگ یا پلیسمنٹ مکمل کرنے میں ناکام رہے تھے۔

اس اقدام میں وہ طلباء شامل نہیں ہیں جو عمومی وجوہات کی بناء پرایک نئے اسٹوڈنٹ ویزا کے لیے درخواست دے رہے ہیں (جس میں آپ کا کسی کورس یا پڑھائی کے کسی حصے میں فیل ہونا، ذاتی وجوہات کے باعث پڑھائی مؤخر کرنا یا رضاکارانہ طور پر اپنے اسٹڈی لوڈ کو کم کرنا شامل ہے۔

اپنی درخواست کو فیس معافی کے تحت زیر غور لانے کے لیے، آپ کو اسٹوڈینٹ ویزا کی درخواست دینی ہوگی اور اپنے تعلیمی ادارے کی جانب سے ایک پُر کیے ہوئے فارم 1545 COVID-19 سے متاثرہ طلباء کو منسلک کرنا ہوگا۔

اگر آپ آسٹریلیا میں فیس معافی کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو، بریجنگ ویزا خود بخود جاری نہیں کیا جائے گا کیونکہ پہلے فیس میں چھوٹ کی جانچ پڑتال کی جانی لازمی ہے۔

یہ چھوٹ صرف VAC پر لاگو ہوتی ہے۔

اس کے علاوہ، اسٹوڈنٹ ویزا کے ایسے حاملین جو آسٹریلیا سے باہر ہیں اور مورخہ 19 جنوری 2022 اور 19 مارچ 2022 کے درمیان پہنچتے ہیں وہ اپنے VAC کا ریفنڈ حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ VAC ریفنڈ کے لیے درخواست دینے کے طریقے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں ریفنڈ حاصل کرنا ۔

وزیٹر (ملاقاتی) (ذیلی کلاس 600)

آپ بغیر کسی فیس کے (VAC چھوٹ) ایک نئے وزیٹر (ذیلی کلاس 600) ویزا کے لیے درخواست دے سکتے ہیں (فریکوئنٹ ٹریولر اسٹریم کے علاوہ) اگر:

- آپ آسٹریلیا سے باہر ہیں اور
- آپ ایک ایسے وزیٹر (ذیلی کلاس 600) ویزا کے حامل ہیں یا اس سے پہلے حامل تھے جو:
  - ہماری جانب سے مورخہ 21 مارچ 2020 سے پہلے آسٹریلیا سے باہر جاری کیا گیا تھا
  - جس کی معیاد 20 مارچ 2020 اور 30 جون 2022 کے درمیان ختم ہوچکی ہے، یا ختم ہو جائے گی
  - آپ کا ویزا ایک ایسا ایک سے زیادہ انٹری والا ویزا یا واحد انٹری والا ویزا تھا جو آسٹریلیا کا سفر کرنے کے لیے استعمال نہیں کیا گیا تھا

آپ کو اپنی نئی درخواست آن لائن ImmiAccount کے ذریعے مورخہ 31 دسمبر 2022 تک دینی ہوگی۔

ہمیں اپنے آن لائن درخواست فارم میں بتائیں کہ آپ ایک ایسے وزیٹر ویزا کے سابقہ حامل ہیں جو COVID-19 سے متعلقہ سفری پابندیوں کی وجہ سے متاثر ہوا تھا۔ اگر ہم آپ کی اہلیت کی تصدیق کرتے ہیں، تو آپ کو اپنی درخواست جمع کرواتے وقت VAC ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

آپ اپنی VAC کی چھوٹ کے ساتھ صرف ایک بار ہی درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ دوسری مرتبہ چھوٹ حاصل کرنے کے اہل نہیں ہوں گے، اگرچہ ہم آپ کا ویزا مسترد کردیں۔

پراسپیکٹیو میرج ویزا (ممکنہ شادی ویزا)

2020 کے آخر/2021 کے اوائل میں، COVID-19 سے متعلقہ سفری پابندیوں کی وجہ سے آسٹریلیا میں داخل ہونے سے قاصر پراسپیکٹیو میرج (ذیلی کلاس 300) ویزا حاملین، سابقہ ویزا حاملین اور ویزا کے درخواست دہندگان کی مدد کرنے کے لیے بعض تبدیلیاں متعارف کروائی گئی تھیں۔

مورخہ 29 اکتوبر 2021 کو، ویزا کی میعاد کی مدت میں مزید توسیع اور VAC ریفنڈز متعارف کرائے گئے تھے۔ یہ اُن پراسپیکٹیو میرج ویزا کے حاملین کی مدد کرتے ہیں جنہیں COVID-19 سے متعلقہ سفری پابندیوں کی وجہ سے ابھی بھی آسٹریلیا میں داخل ہونے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

ویزا کی معیاد میں توسیع

10 دسمبر 2020 کو، وہ پراسپیکٹیو میرج ویزا (ممکنہ شادی ویزا) حاملین یا سابقہ ویزا حاملین جو اس دن آسٹریلیا سے باہر تھے، اور جن کے پاس 6 اکتوبر 2020 اور 10 دسمبر 2020 کے درمیان کسی بھی وقت ایک پراسپیکٹیو میرج ویزا تھا، اُن کے ویزا کی میعاد کی مدت میں 31 مارچ 2022 تک توسیع کر دی گئی تھی۔

مورخہ 29 اکتوبر 2021 کو، ایسے پراسپیکٹیو میرج ویزا (ممکنہ شادی ویزا) حاملین جن کے پاس ایک ذیلی کلاس 300 ویزا ہے اور جو مورخہ 15 ستمبر 2021 کو آسٹریلیا سے باہر تھے، اُن کے ویزا کی میعاد کی مدت میں 31 دسمبر 2022 تک توسیع کر دی گئی ہے۔

آپ VEVO کا استعمال کر کے اپنے ویزا کی تفصیلات اور شرائط چیک کر سکتے ہیں۔

اُن لوگوں کے لیے ویزا درخواست کی فیس کے ریفنڈز جن کے ویزوں میں توسیع کی گئی تھی

جہاں بھی COVID-19 سے متعلقہ سفری پابندیوں نے ویزا حاملین کے آسٹریلیا کا سفر کرنے اور اپنے ساتھی سے شادی کرنے کی صلاحیت کو متاثر کیا ہے، اُن کے لیے ویزا کی درخواست کی فیس (VAC) کے ریفنڈ فراہم کیے جا رہے ہیں۔

اگر آپ کے پراسپیکٹیو میرج ویزا (ممکنہ شادی کا ویزا) کی میعاد کی مدت 10 دسمبر 2020 کو بڑھا دی گئی ہے تو، آپ کے VAC کی فیس کی ادائیگی کرنے والا شخص ریفنڈ کی درخواست کرسکتا ہے بشرطیکہ:

- آپ نے اس ویزا کے حامل کے طور پر 10 دسمبر 2020 کے بعد سے آسٹریلیا کا سفر نہیں کیا ہے اور
- ریفنڈ حاصل کرنے کی درخواست کے وقت، یا تو:
  - آپ کے ویزا کی میعاد ختم ہوچکی ہو یا اسے آپ کی درخواست پر منسوخ کردیا گیا ہو یا
  - اگر فی الحال آپ کے ویزا کی میعاد جاری ہے اور آپ نے وزیر سے اپنا ویزا منسوخ کرنے کو کہا ہے۔

اگر آپ کے پراسپیکٹیو میرج ویزا (ممکنہ شادی کا ویزا) کی میعاد کی مدت مورخہ 29 اکتوبر 2021 کو متعارف کرائی گئی تبدیلیوں کے تحت بڑھا دی گئی ہے تو، آپ کے VAC کی فیس کی ادائیگی کرنے والا شخص ریفنڈ کی درخواست کرسکتا ہے بشرطیکہ:

- آپ کے پاس ایک پراسپیکٹیو میرج ویزا تھا اور آپ 15 ستمبر 2021 کو آسٹریلیا سے باہر تھے
- آپ نے مورخہ 15 ستمبر 2021 کے بعد سے اس ویزا کے حامل کی حیثیت سے آسٹریلیا کا سفر نہیں کیا ہے اور
- ریفنڈ کی درخواست کے وقت آپ کے ویزا کی میعاد ختم ہوچکی ہو کیونکہ آپ نے وزیر سے اپنا ویزا منسوخ کرنے کا کہا ہوا ہے۔

عام طور پر ریفنڈ کی درخواست صرف وہی شخص دے سکتا ہے جسے اصل VAC کی رسید پر 'ادائیگی کنندہ' کے طور پر دکھایا گیا ہے۔ ریفنڈ کی درخواستیں 31 دسمبر 2022 تک جمع کرا دینی چاہییں۔

اگر آپ آپ کے ویزا کی میعاد ابھی جاری ہے تو، ریفنڈ کی درخواست کرنے سے پہلے آپ کو اپنے پراسپیکٹیو میرج (ذیلی کلاس 300) ویزا کو منسوخ کرنے کی درخواست دینے کے لیے اپنا ImmiAccount استعمال کرنا ہوگا۔

اگر آپ VAC ریفنڈ حاصل کرنے کے اہل ہیں تو، COVID-19 سفری پابندیاں VAC ریفنڈ کے لیے درخواست کا فارم کا استعمال کریں۔

مندرجہ ذیل صورتوں میں VAC ریفنڈ دستیاب نہیں ہوتا:

- اگر سفیر نے آپ کا پراسپیکٹیو میرج ویزا منسوخ کردیا تھا (سوائے اس کے کہ آپ نے اسے منسوخ کرنے کی درخواست کی ہے) یا
- اگر آپ نے شریک حیات (ذیلی کلاس 801) والے ویزا کے لیے درخواست جمع کروائی ہے اور تخفیف کردہ VAC کی رقم ادا کی ہےکیونکہ آپ کے پاس ایک پراسپیکٹیو میرج ویزا ہے یا
- اگر آپ کے ویزا کی میعاد ختم ہونے کے وقت آپ نے یا آپ کے اسپانسر نے محکمہ کو یہ بتایا ہو کہ اب آپ شادی کرنے کا ارادہ نہیں رکھتے ہیں

سابقہ ویزا حاملین اور ایسے افراد جو آسٹریلیا میں اپنے ساتھی سے شادی کرنے سے قاصر ہیں، اُن کے لیے ویزا کی درخواست کے اخراجات کے ریفنڈ

اگر آپ کے پراسپیکٹیو میرج ویزا کی میعاد 20 مارچ 2020 سے 5 اکتوبر 2020 کے درمیان ختم ہو چکی ہے تو، VAC کا ادائیگی کنندہ ویزا کی درخواست کی فیس (VAC) کا ریفنڈ حاصل کرنے کا اہل ہوسکتا ہے بشرطیکہ آپ کے ویزا کی میعاد تب ختم ہوئی ہے جب آپ آسٹریلیا سے باہر تھے۔

اگر آپ کے ویزا کی میعاد ختم ہوچکی ہے اور آپ COVID-19 کی پابندیوں کی وجہ سے اپنے ویزا کی میعاد ختم ہونے سے قبل آسٹریلیا میں اپنے اسپانسر سے شادی کرنے سے قاصر تھے تو، اس صورت میں بھی VAC کا ادائیگی کنندہ VAC ریفنڈ حاصل کرنے کا اہل ہوسکتا ہے۔ اس میں قرنطینہ کی شرائط اور ریاستی یا بین ریاستی سفری پابندیاں شامل ہوسکتی ہیں۔ اگر آپ نے اپنے ویزے پر آسٹریلیا کا سفر کیا ہے اور درج ذیل شرائط کے تحت VAC کا ادا کنندہ ریفنڈ حاصل کرنے کا اہل ہوسکتا ہے:

- آپ کا ویزا مورخہ 20 مارچ 2020 اور 5 اکتوبر 2020 کے درمیان اس وقت ختم ہو گیا جب آپ آسٹریلیا میں ہی تھے یا
- آپ کا ویزا مورخہ 10 ستمبر 2021 کو درست تھا اور جب آپ نے ریفنڈ کی درخواست کی تھی تو آپ کا ویزا اس وقت سے ختم ہوگیا تھا۔

اگر آپ نے COVID-19 سے متعلقہ پابندیوں کی وجہ سے پیدا ہونے والی مندرجہ ذیل رکاوٹوں کے پیش نظر اپنے اسپانسر سے شادی نہیں کی تو ریفنڈ دستیاب نہیں ہیں:

- آپ کی مجوّزہ شادی میں شریک ہونے والے مہمانوں کی تعداد کو محدود کردیا گیا تھا
- مہمانوں، یا بعض مخصوص مہمانوں کو آپ کی مجوّزہ شادی میں شریک ہونے سے روک دیا گیا تھا، یا
- آپ کی مجوّزہ شادی کو اُس وقت یا جگہ پر ہونے سے روک دیا گیا تھا جو آپ کی اور آپ کے اسپانسر کی پسند تھی۔

عام طور پر ریفنڈ کی درخواست صرف وہی شخص دے سکتا ہے جسے اصل VAC کی رسید پر 'ادا کنندہ' کے طور پر دکھایا گیا ہے۔ اگر آپ VAC ریفنڈ حاصل کرنے کے اہل ہیں تو، COVID-19 سفری پابندیاں VAC ریفنڈ کے لیے درخواست کا فارم کا استعمال کریں۔

مندرجہ ذیل صورتوں میں VAC ریفنڈ دستیاب نہیں ہوتا:

- اگر وزیر نے آپ کا پراسپیکٹیو میرج ویزا منسوخ کردیا تھا (سوائے اس کے کہ آپ نے اسے منسوخ کرنے کی درخواست کی ہے) یا
- اگر آپ نے شریک حیات (ذیلی کلاس 801) والے ویزا کے لیے درخواست جمع کروائی ہے اور تخفیف کردہ VAC کی رقم ادا کی ہے کیونکہ آپ کے پاس ایک پراسپیکٹیو میرج ویزا ہے یا
- اگر آپ کے ویزا کی میعاد ختم ہونے کے وقت آپ نے یا آپ کے اسپانسر نے محکمہ کو یہ بتایا ہو کہ اب آپ شادی کرنے کا ارادہ نہیں رکھتے ہیں۔

سابقہ پراسپیکٹیو میرج ویزا حاملین کی جانب سے جمع کرائی جانے والی اگلی کسی بھی پراسپیکٹیو میرج (ممکنہ شادی) یا پارٹنر ویزا کی درخواست پر کارروائی کو ترجیح دی جاتی ہے۔ درخواستوں پر کارروائی کرنے کے مدت کا انحصار اس بات پر ہے کہ آیا درخواست مکمل ہے اور ویزا کے تمام تقاضوں کو پورا کرتی ہے۔

پراسپیکٹیو میرج ویزا کے درخواست دہندگان

COVID-19 سے متعلقہ سفری پابندیوں کی وجہ سے آسٹریلیا میں داخل ہونے سے قاصر پراسپیکٹیو میرج ویزا کے درخواست دہندگان کی مدد کرنے کے لیے، 27 فروری 2021 کے بعد سے جاری کیے گئے پراسپیکٹیو میرج ویزا کے میعاد کی مدت کو 9 سے 15 ماہ کے درمیان بڑھایا جا سکتا ہے۔ اس سے پہلے جو 9 ماہ کی معیاد کا معیار مقرر تھا یہ اُس میں ایک تبدیلی ہے۔ 27 فروری 2021 کو یا اس کے بعد جاری کیے گئے پراسپیکٹیو میرج ویزا (ممکنہ شادی ویزا) کے لیے اس کی میعاد کی مدت کا انحصار درخواست دہندہ کے حالات پر ہوگا۔

آپ VEVO کا استعمال کرکے اپنے ویزا کی تفصیلات اور شرائط چیک کر سکتے ہیں۔